**RT-DS08 — کاروباری بندش کا علاج — ہدیہ 2100 روپے**

اگر کاروبار پر بندش لگی ہو تو خاص تعویذات منگوائیں۔ ان شاء اللہ، ان کے استعمال سے ہر طرح کی کاروباری بندش ختم ہو جائے گی۔ کاروبار کے مالک کا نام معہ والدہ اور کاروبار کا پتہ بتائیں۔

# متفرق تعویذات

**NT-DI06 — ہر مقصد کے لیے — ہدیہ [illegible] روپے**

ہر جائز مقصد کے حصول کے لیے خاص تعویذ جس کو پاس رکھنے سے مقصد کے حصول میں آسانی ہوتی ہے اور غیبی مدد ہوتی ہے۔

**RT-DS05 — دشمن مغلوب ہو — ہدیہ 500 روپے**

جس کا کوئی دشمن ہو اور اس کے سامنے آنا جانا ہو اور وہ تنگ کرتا ہو تو اس خاص تعویذ کو اپنے پاس رکھنے سے دشمن مغلوب ہو جائے گا اور تنگ نہیں کرے گا، ان شاء اللہ۔

**RT-DS10 — برکت کے لیے — ہدیہ [illegible] روپے**

جس چیز میں بھی برکت مطلوب ہو، اس خاص نقش کو اس چیز میں رکھ دیا جائے۔ ان شاء اللہ برکت حاصل ہوگی۔

**NT-DI02 — محبت کے لیے — ہدیہ 1100 روپے**

کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنے، اس کے دل کو اپنے لیے نرم کرنے، کسی کے دل میں اپنے لیے نفرت / بغض وحسد کو ختم کرنے، ناراض کو راضی کرنے اور اس طرح کا کوئی بھی معاملہ ہو تو روحانی تعویذات سے فائدہ اٹھائیں اور مطلوب کے دل میں جائز محبت پیدا کریں۔

**RT-DI02 — بھاگے ہوئے شخص کی واپسی — ہدیہ 900 روپے**

جو شخص گھر یا کسی جگہ سے بھاگ جائے، بچہ مدرسہ سے بھاگ جائے، طالب علم سکول کالج سے بھاگ جائے، ملازم نوکری کی جگہ سے بھاگ جائے، لڑکا یا لڑکی بھاگ جائیں ...... الغرض کوئی بھی معاملہ ہو اور ان کی واپسی مطلوب ہو تو یہ تعویذات حاصل کریں۔

# جسمانی بیماریوں کے لیے تعویذات

**NT-DI05 — مرگی سے نجات کا تعویذ — ہدیہ [illegible] روپے**

مرگی سے نجات کا تعویذ جو کہ مریض نے گلے میں ڈالنا ہوتا ہے۔

**RT-DI08 — پاگل پن سے نجات کا تعویذ — ہدیہ 550 روپے**

پاگل پن سے نجات کا تعویذ جو کہ مریض نے گلے میں ڈالنا ہوتا ہے۔

**رعائیتی پالیسی:**
برائے خزینہ روحانیات ممبران 10%
برائے روحانی درس گاہ شاگرد 20%

روحانی دکان
0320-4312272 | 0334-4312272 | 042-35420586
ruhanishop | ruhani.shop | ruhani-shop
darulamal.org/ruhanishop | ruhanishop@gmail.com

روحانی دکان میں دستیاب روحانی اگربتیاں برائے دفع نحوست وجنات وجادو، واپسی سحر، حصول برکت https://bit.ly/3KuK2ca

# فراخی رزق کے اعمال

سید ذیشان نظامی (جہلم)

## وسعت رزق کیلئے

بروز جمعہ بعد از نماز عشاء قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ (11) مرتبہ اور سات (7) مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے۔ اس دوران کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے اور اللہ سے اپنے رزق کی فراخی کے متعلق انتہائی گڑگڑا کر عاجزی سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی بدولت بہت جلد وافر مال و دولت حاصل ہو جائے گا۔ (از منقولہ امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ)

## رزق میں اضافہ کیلئے

رزق میں فراوانی کیلئے بعد نماز فجر روزانہ اس آیت مبارکہ کو تین سو تیرہ (313) بار اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ (11) مرتبہ پڑھیں۔ وظیفہ کے اختتام پر اللہ کے حضور عاجزی اور انکساری کے ساتھ گڑگڑا کر دعا کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰہُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ وَیَقْدِرُ لَہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۶۲﴾ (العنکبوت: ۶۲)

## کشائش رزق کیلئے وظیفہ

نماز فجر کے بعد اور نماز اشراق سے پہلے ان اسماء مبارک کو رزق میں کشادگی کیلئے اول آخر درود ابراہیمی گیارہ (11) بار کے، پانچ سو (500) بار "یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ" پابندی کے ساتھ بغیر ناغہ کئے اکیس (21) دن تک پڑھیں۔

## رزق کی ترقی اور برکت کیلئے

رزق کی ترقی اور برکت کیلئے یا کوئی کام بس سے باہر ہو اور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو یا اگر کسی کام میں آسانی اور جلدی مطلوب ہو تو سورۃ المزمل ایک (1) نشست میں اکتالیس (41) مرتبہ تین (3) دن تک پڑھیں۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ (11) بار پڑھیں۔ آخر میں اللہ کے آگے عاجزی اور انکساری سے دعا کریں۔

# معاشی مسائل کا روحانی حل

شفیع الدین نظامی رحمہ اللہ (کراچی)

## تنگ دستی سے حفاظت

نماز عصر کے بعد گیارہ (11) بار سورۂ رحمٰن پڑھنے والا کبھی تنگ دست نہیں ہوتا۔

## خوشحالی کا حصول

بروز جمعہ عصر اور مغرب کے مابین گیارہ (11) بار سورۂ رحمٰن پڑھنا انسان کو خوشحالی بخشتا ہے۔

## کاروبار میں ترقی

آیت الکرسی الحی القیوم تک بیس (20) بار تکرار کریں۔ اکیسویں بار پوری آیت الکرسی پڑھیں۔ اکتالیس (41) بار روزانہ پڑھنے والے کے کاروبار میں ترقی ہوتی ہے۔

## نوکری کی بحالی

گیارہ (11) ماہ ملازمت سے غیر حاضر رہنے والے نے آیت الکرسی الحی القیوم تک بیس (20) بار تکرار کر کے ستر (70) بار روزانہ پڑھا۔ ایک (1) ہفتہ پڑھنے کے بعد نوکری پر بحال ہو گیا اور گیارہ (11) ماہ کی تنخواہ بھی بلا الاؤنس وصول کی۔ مجرب ہے۔

## حصول ملازمت

حصول ملازمت کے لئے آیت مبارکہ کا آخری حصہ "فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ" رات قبل از خواب یکصد و یک (101) بار، اول آخر گیارہ گیارہ (11) بار درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ اکیس (21) روز میں کام ہو جائے گا۔ پرہیز جماع اور گوشت ہر قسم۔ اجازت عام ہے۔

Whatsapp +92-322-4773786

روحانی دکان میں دستیاب روحانی بخور برائے دفع نحوست وجنات وجادو، واپسی سحر، حصول برکت https://bit.ly/3uEpbOK

# مقدمہ کے لیے مجرب اعمال

مرتب: محمد عارف (لاہور)

## سنگین سے سنگین مقدمہ میں فتح کے لیے

سنگین سے سنگین مقدمے کے لئے خاص پیشی کے دن سوالاکھ مرتبہ اس آیت کا ختم کرانا اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ گیارہ (11) آدمی وضو کریں۔ سب کے سب روبقبلہ بیٹھیں۔ ایک نہایت سفید کپڑے پر شمار دانے رکھے جائیں۔ شمار دانے خواہ بادام ہوں یا املی کے بیج ہوں یا جو کچھ ہو...... الغرض پاک چیز ہو۔ لوبان کی دھونی سے مکان معطر کیا جائے۔ پہلے ہر شخص گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِفْتَاحِ الرَّحْمَۃِ وَالنُّصْرَۃِ وَالْجَنَّۃِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ پھر گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ آیت شریف پڑھیں: نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ⑬ (الصف:۱۳)۔

اس کے بعد ہر دانہ پر ایک (1) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر سوالاکھ (125000) کی گنتی پوری کریں۔ جب ختم پورا ہو، پھر گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ وہی درود پڑھا جائے اور گیارہ گیارہ (11-11) دفعہ وہی آیت پڑھ کر پندرہ (15) منٹ مقدمے کی فتح کے لیے دعا نہایت عاجزی وانکساری سے مانگی جائے۔ کم سے کم مقدمہ کے دوران تین (3) ختم کیے جائیں۔ اللہ کی ذاتِ عالی سے پوری امید ہے کہ بالضرور مقدمہ حسب مرضی ہوگا۔ مکمل یقین اور اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھ کر پڑھیں۔ ان شاءاللہ یہ عمل کبھی خالی نہ جائے گا۔

## بڑے سے بڑے فوجداری مقدمے میں کامیابی

گیارہ ہزار (11000) مرتبہ صرف آیتِ کریمہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ④ سات (7) دن تک برابر پڑھی جائے۔

# مجرب روحانی عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

## سیدھی اور سچی رائے کے لیے

اگر کسی کام میں باہم رائیں مختلف ہوں اور کسی ایک رائے کو ترجیح نہ ہوتی ہو، ضرورت مند شخص رات کو دو ہزار (2000) دفعہ آیتِ کریمہ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ⑤ (الفاتحۃ:۵) پڑھ کر سو رہے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ صبح کو بہتر رائے اور سیدھی سچی رائے خیال میں آئے گی اور سیدھا راستہ نظر آجائے گا اور کوئی اختلاف باقی نہ رہے گا۔

## لوگ برائی نہ کریں

اگر کسی شخص کی برائی لوگ اس کے حاکم یا آقا کے سامنے کرتے ہوئے ہوں یا عورت کی برائی اس کی ساس نندیں اس کے خاوند کے سامنے بیان کرتی ہوں تو وہ عورت یا نوکر اس آیت کو اس سو (100) دفعہ پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر دعا کرے اور دعا میں صرف یہ جملے منہ سے نکالے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

سات (7) دن تک برابر اس عمل کو کرنے سے تمام شکایتیں دور ہوں گی۔ آیت یہ ہے:

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ⑬⑦ (البقرۃ:۱۳۷)

## بیٹے کے مرنے کا غم

اگر کسی کا اکلوتا بیٹا مر گیا ہو، وہ شخص اس آیت کو ایک سو ایک (101) مرتبہ روز پڑھے، ان شاءاللہ دل کو صبر بھی آجائے گا اور اس فرزند کا بدل دوسرا فرزند جلد ملے گا۔ آیت یہ ہے:

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ⑧ (ال عمران:۸)

روحانی دکان میں دستیاب روحانی عطر برائے تسخیر، حفاظت، واپسی سحر، جنات کی حاضری https://bit.ly/3reiQaO

# اعمالِ رحمانی

حضرت مولانا غلام یٰسین مدظلہ العالی (جلالپور پیروالا)

## درود شریف برائے زیارت علیہ الصلوٰۃ والسلام

① ...... اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ اَفْضَلَ صَلَوٰتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ۔

پاک لباس پہن کر چھ ہزار (6000) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اور پاک صاف بستر ے پر سوجاوے۔ ایک ہی رات کا عمل ہے۔ زیارت ہو جائے گی۔

② ...... روزانہ منزل حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب نور اللہ مرقدہ، قدس سرہ العزیز۔

③ ...... درود شریف صلوٰۃ تنجینا ستر (70) مرتبہ پڑھیں۔

از برادر مکرم محمد سہیل صاحب، ٹنڈو آدم، سندھ۔ ۷ صفر المظفر ۱۴۴۳ھ بروز بدھوار۔

## جب تک حج نہیں کرے گا موت نہیں آئے گی

جو شخص روزانہ بعد نماز ظہر سورۂ فتح (پ ۲۶) پڑھے گا، جب تک وہ حج نہیں کرے گا، اس کو موت نہیں آئے گی۔ اللہ تعالیٰ نے کتنا بڑا ثواب اس کے حصے میں رکھ دیا ہے۔


## ہر قسم بادی و خونی بواسیر کیلئے

ہر قسم کی بادی اور خونی بواسیر کا تعویذات پر مشتمل ایک ہفتہ کا روحانی کورس۔ روحانی علاج کے ساتھ جسمانی علاج بھی جاری رکھیں۔

ہدیہ 900 روپے

شاگردوں اور عاملین کے لیے رعایت

روحانی دکان
0320-4312272 www.ruhanishop.com
0334-4312272 042-35420586 ruhanishop


# برائے ہلاکئی دشمن وظالم

خواجہ احمد دیربی رحمہ اللہ

جس شخص کا کوئی دشمن ہو یا کوئی ظالم ہو جو اس پر ظلم کرتا ہے اور یہ شخص مظلوم اس کی ہلاکی وتباہی چاہتا ہے تو چاہئے کہ ایک خشت لیوے اور لب نہر یا کنارے حوض قبلہ رُو ہو کر اس خشت پر کھینچ دیوے اور سورۂ یٰسین اکتالیس (41) بار تلاوت کرے بدون دخل کام کے قرأت میں درمیان میں تا ختم قرأت مذکورہ کے کلام نہ کرے۔ جب قراۃ جملہ مراتب سے فارغ ہو تو اس خشت پر نماز جنازہ پڑھے اور خشت کو اپنا عدو تصور کرے۔ بعد ازاں اس خشت کو اس نہر یا حوض میں پھینک دے کہ ہر آئینہ وہ دشمن یا وہ ظالم بہت جلد ہلاک ہو گا اور یہ عمل تیرے پاس امانت ہے، اس کا استعمال نہ کیا جائے مگر بعد اضطراری اور بیقراری شدید کے۔ اور ڈر خداوند اپنے پروردگار سے اور خوب جان لے کہ آخر کو تو بھی مرنے والا ہے اور تجھ سے اس بات کا اور سوائے اور باتوں کا محاسبہ ہونے والا ہے اور نظر وفکر کی طرف قول حق تعالیٰ کے جو اس نے فرمایا: فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ۔ (الشوریٰ: ۴۰) ”جو شخص عفو کر دیوے اور اصلاح کر لیوے تو اجر وثواب اس کا حق تعالیٰ پر ہے۔“

# روحانی اشخاص کو دیکھنے کا عمل

حضرت الشیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ علیہ

اگر مشک کے ساتھ چینی کی طشتری پر سورۂ فاتحہ لکھ کر مینہ کے پانی سے دھوئے اور پھر اس پانی سے سرمہ اصفہانی حل کرے۔ اور اس سرمہ میں سفید مرغ کا پتہ آمیز کر کے آنکھ میں لگائے تو روحانی اشخاص کو دیکھے۔ اور وہ اس سے ایسی باتیں کریں جو اس کی سمجھ میں نہ آئیں۔

**نوٹ:** یہ عمل جو بھی کرے، اپنی ذمہ داری پر کرے۔ ادارہ اس کے کسی نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

روحانی دکان میں دستیاب روحانی نمک برائے دفع جادو جنات، پیٹ درد، دشمن کی زبان بندی https://bit.ly/3NZfrWt

# بکرے کا صدقہ

بکرے کا صدقہ کرنا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ عوام کے ساتھ ساتھ عاملین کے لیے بھی بکرے کا صدقہ کرنا بہت فائدہ مند ہے۔ آج کے مہنگائی والے دور میں بکرے کا صدقہ کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ اور ہر ماہ باقاعدگی سے کرنا تو بہت سے لوگ سوچ بھی نہیں سکتے۔ اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے دارالعمل چشتیہ کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ بکرے کا صدقہ ایسے طریقے پر کیا جائے جس میں عوام اور عاملین آسانی کے ساتھ شامل ہو سکیں اور کم سے کم خرچ میں فائدہ اٹھا سکیں۔ ایک فرد کے لیے یا ایک حاجت کے لیے مکمل بکرے کا صدقہ کرنے کا جو فائدہ ہوتا ہے، اتنا فائدہ ایک بکرے میں زیادہ حصہ دار کرنے سے نہیں ہوتا۔ لیکن کچھ نہ ہونے سے کچھ ہونا بہتر ہے۔

نیز، ہمارے ہاں جو بکرے کا صدقہ کیا جاتا ہے، اس پر عاملین اپنے خاص اعمال پڑھ کر دم بھی کرتے ہیں۔ یہ خاص عملیاتی صدقہ ہوتا ہے۔ اس لیے اس کا کم فائدہ بھی عام بکرے کے صدقے کے مقابلے میں بہت ہوتا ہے۔

سالہا سال سے بکرے کا صدقہ ادارے میں کیا جا رہا ہے جس میں پہلے صرف ادارے کے اراکین ہی شامل ہوتے تھے۔ اب عوام اور دیگر عاملین بھی بکرے کے صدقے میں شامل ہو رہے ہیں۔

یہ صدقہ محرم الحرام، ربیع الثانی، رجب اور شوال کی آخری منگل کو کیا جاتا ہے۔

## سائلین اور مریضوں کے لیے چند فوائد

درج ذیل میں چند ایسی صورتیں لکھی جاتی ہیں جن میں بکرے کا صدقہ کرنا بہت مفید مانا گیا ہے۔

- مصیبتیں اور پریشانیاں ...... جن سے نجات نہ مل رہی ہو۔
- مشکلیں ...... جن کا کوئی حل نہ نکل رہا ہو۔
- حاجت ...... جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو اور طرح طرح کی رکاوٹیں پیش آ رہی ہوں۔
- سخت جادو ...... جس سے باوجود بہت علاج کروانے کے نجات نہ مل رہی ہو اور بار بار اثرات آ رہے ہوں یا روحانی علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو۔
- جنات اور شیاطین ...... کسی طرح نجات نہ مل رہی ہو۔
- رشتے اور شادی کے معاملات ...... مسلسل رکاوٹیں آ رہی ہوں۔
- بیماریاں ...... بہت علاج کے باوجود شفایابی نہ مل رہی ہو۔
- معاشی معاملات ...... روزگار نہ ملنا، کاروبار نہ چلنا یا بندش کا شکار، ملازمت میں پریشانی یا خطرے میں پڑ جانا۔
- ازدواجی و سسرالی مسائل ...... طلاق تک نوبت، شوہر کا بہت مار پیٹ کرنا، غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات، سسرالیوں کا ناجائز تنگ کرنا۔

## عاملین کے لیے فائدے

جو عامل جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرتے ہیں، وہ ایک طرح سے حالتِ جنگ میں ہوتے ہیں۔ دشمن جادوگروں اور جنات و شیاطین سے ہر وقت حملہ کا ڈر رہتا ہے۔ حصارات کی پابندی جتنی بھی کی جائے، بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ اگر نہ بھی ہو اور عامل پابندی کرتا ہو تب بھی اس کے گھر والوں کی پابندی نہ کرنے سے اثرات اہل و عیال پر آ ہی جاتے ہیں۔ کمزور حفاظت والے عاملین اکثر رجعت اور بندشوں کا شکار رہتے ہیں۔ کبھی عمل چلنا بند ہو جاتے ہیں، کبھی خود بیمار، کبھی بیوی بچے بیمار، کبھی روزگار کی بندش اور آمدن بالکل نہ ہونے کی شکایت۔ اسی طرح کے مسائل کا شکار عاملین بھی بکرے کے صدقے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور بکرے کے صدقے میں شامل ہو کر روحانی اثرات سے پیدا ہونے والی بندشوں، رکاوٹوں، مصیبتوں، پریشانیوں اور بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور اگر خدانخواستہ مبتلا ہو گئے تو ان شاء اللہ، بہت جلد نجات کی صورت نکل آئے گی۔

## بکرے کے صدقہ میں شامل ہونے کا طریقہ

جو احباب شامل بکرے کے صدقہ ہونا چاہیں، وہ محرم الحرام **1446**ھ کی بیس تاریخ تک **5000** روپے ادارے میں جمع کروا دیں۔ سائل کا نام مع والدہ، شہر اور مقصد/حاجت واضح بتائیں۔ عاملین کے لیے صرف اپنا نام و شہر اور یہ نیت کہ ہر طرح کے جادو جنات کے علاج کرنے کے مضر اثرات سے اپنی و اہل و عیال کی حفاظت و نجات کی نیت کافی ہے۔ اگر کوئی اور خاص مقصد ہو تو وضاحت کی جائے۔ ایک حصے میں صرف ایک فرد کی حاجت/مقصد دی جائے۔

**نوٹ** ادارے کو اختیار ہے کہ کسی ماہ صدقہ کا عمل بغیر وجوہات بتائے منسوخ کر دے۔ جو رقم لی جائے گی، وہ ادارے کے پاس امانت ہوگی۔ چاہے سائل واپس لے، چاہے اگلے بار کے صدقے کے لیے متعین کر دے۔

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0342-7772772
0324-7772772 042-35420586
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com
ruhaniilajgah ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah

Whatsapp +92-322-4773786

# اعمالِ محرّم الحرام

ابن کلیم احسن نظامی رحمۃ اللہ

## ہزار برس کی عبادت کا ثواب

اولیائے کرام فرماتے ہیں جو شخص عاشورہ یعنی دسویں محرم کو دو (2) رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں الحمد شریف، سورہ انعام اور دوسری رکعت میں بعد الحمد شریف ے سورۂ یٰس پڑھے۔ اس کو ہزار برس کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔

## حسنین کریمین کی شفاعت

عاشورہ کے روز دعائے عاشورہ پڑھے۔ یعنی ایک پہر دن چڑھے، بعد غسل کرے۔ اور چار (4) رکعت نمازِ نفل ایک نیت سے ادا کرے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۂ اخلاص پندرہ (15) بار پڑھے۔ بعد سلام کے دس (10) مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھے اور اس نماز کا ثواب سیّدنا امام حسن اور سیّدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ارواحِ پُرفتوح کو بخش دے کہ ثوابِ عظیم ہے۔ یہ دونوں حضرات اس کی شفاعت فرما کے اپنے ہمراہ بہشت میں لے جائیں گے۔ یہ نماز اور دعا اکثر مشائخ کرام و بزرگانِ عظام سے منقول ہے۔ اور اس کی بہت بڑی فضیلت ہے۔ دعاء معظم و مکرم یہ ہے:

دعائے عاشورہ

سُبْحَانَ اللهِ مِلْأَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضٰى وَزِنَةَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللهِ اِلَّا اِلَيْهِ۔ سُبْحَانَ اللهِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوِتْرِ وَ عَدَدَ كَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّةِ كُلِّهَا وَ اَسْئَلُهُ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِهٖ وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ حَسْبِيَ اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْحَسَنِ وَاَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ وَجَدِّهٖ وَبَنِيْهِ فَرِّجْ عَنِّيْ مَآ اَنَا فِيْهِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

# محرم کا ایک خاص تحفہ

شفیع محمد بلوچ (سکھر)

## بڑی سے بڑی حاجات پوری ہونے اور مشکلات کو حل کرنے کے لیے صرف تین (3) دن کا خاص عمل

یہ عمل یوں ہے کہ آپ نے عصر کی نماز کے بعد عصر کی نماز پڑھ کے اسی مصلے پر بیٹھ جانا ہے۔ اور آپ کوئی بھی درود شریف پڑھنا شروع کر دیں۔ اگر آپ وہ درود شریف پڑھیں جس میں محمد و آلِ محمد کا ذکر ہو تو عصر کے بعد مغرب کے بیچ میں آپ جتنا بھی درود پڑھ سکتے ہوں، وہ پڑھ لیں اور پھر آپ اس کو ہدیہ کر دیں امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کو اور اس کے بعد آپ نے دعا مانگ لینی ہے، اپنا مسئلہ پیش کر دینا ہے۔ اسی طریقے سے آپ ایک دن کر لیں، دوسرے دن کر لیں اور پھر تیسرا دن کر لیں۔ پھر آپ چھوڑ دیں۔ اللہ رب العزت نے چاہا تو وہ آپ کا مسئلہ، وہ آپ کی حاجت، وہ آپ کی پرابلم، وہ آپ کا مسائل، مسئلہ یا مسائل...... آپ دیکھیں گے کس طریقے سے وہ حل ہوتے ہیں۔ جس طریقے سے غیبی امداد آتی ہے آسمان سے، آپ اپنی آنکھوں سے آسمان سے غیبی امداد اترتے ہوئے دیکھیں گے۔

عصر کی نماز کے بعد آپ نے درود پڑھ لینا ہے۔ پھر بتاؤں عصر کی نماز اور مغرب کی نماز کے بیچ میں آپ نے درود پڑھنا ہے۔ لاتعداد، کوئی تعداد نہیں۔ تو آخر میں آپ نے مغرب کی نماز ہونے سے تھوڑی دیر پہلے آپ نے اپنی حاجت پیش کرنی ہے اور سارے درودوں کا ثواب آپ نے امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کو دے دینا ہے۔ ایک دن، دو دن، تین دن...... تین دن کا عمل ہے۔ ان شاء اللہ آپ ایک ہفتے تک انتظار کریں گے تو اللہ رب العزت غیب سے آپ کی اس مشکل کو حل کرنے کے لیے کوئی اسباب پیدا کر دیں گے۔

Whatsapp
+92-322-4773786

روحانی دکان میں دستیاب روحانی آبِ شفاء برائے دفعِ جنات، جادو، واپسی سحر، امراضِ جسمانی https://bit.ly/3uoG9jA

تسدیس عطارد و مشتری کے وقت کا خاص عمل

# لوحِ کشف غیبی الہامات کی خاص لوح

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

کافی عرصہ سے قارئین اور طالبین روحانی علوم کی فرمائش تھی کہ کشف کے حصول پر کوئی خاص تعویذ دیا جائے۔ تثلیث عطارد و مشتری اس کام کے لیے ایک مناسب وقت ہے۔ ان سب کے لیے "لوحِ کشف" کو تیار کرنے کا طریقہ لکھا جا رہا ہے۔ اس لوح کے چند روز استعمال سے کشف اور غیبی الہامات کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

عاملین حضرات "لوحِ کشف" اپنے لیے تیار کریں اور فائدہ اٹھائیں۔ جو طریقہ کار لکھا گیا ہے، اس میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے۔ ان شاء اللہ، مطلوبہ فائدہ حاصل ہوگا۔ اگر کسی اور کو تیار کر کے دینی ہے تو بھی دے سکتے ہیں۔ لوح بناتے وقت عطارد و مشتری کے بخورات کا لازمی استعمال کریں ورنہ خاطر خواہ فائدہ نہ ہوگا۔ عاملین کو پتہ ہوتا ہے کہ کون سے بخورات استعمال کیے جاتے ہیں۔

## لوح تیار کرنے کا خاص وقت

تسدیس عطارد و مشتری کے وقت کی ابتداء 08 جولائی بروز پیر صبح 1 بج کر 12 منٹ پر ہوگی اور اختتام 09 جولائی بروز منگل دوپہر 02 بج کر 02 منٹ پر ہوگا۔ اس دوران عطارد یا مشتری کی ساعت میں لوح تیار کی جائے۔ لوح بنانے کے پورے آداب، لوازمات، احتیاط کو مدنظر رکھتے ہوئے لوح بنائی جائے۔ متعلقہ ستاروں کے بخورات کا لازمی استعمال کیا جائے۔

## "لوحِ کشف" تیار کرنے کا طریقہ

لوح تیار کرنے کے لیے سائل کے نام مع والدہ کے اعداد لیں اور لوح میں جہاں نام لکھا گیا ہے، وہاں لکھے جائیں۔ اس مثال میں سائل کا نام علی اور اس کی والدہ کا نام آمنہ لیا گیا ہے۔ باقی کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ لوح تیار کر کے لوح کا وظیفہ درج کردہ تعداد میں پڑھ کر دم کریں۔ لوح کو مشک و زعفران کی سیاہی سے بنایا جائے۔ جو مشک نہ لے سکتے ہوں، وہ زعفرانی سیاہی سے تیار کریں۔ آخر میں لوح کے دونوں طرف بخورات کی دھونی دے کر موم جامہ کر لیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

| علام | الغیوب | کشف | علی بن آمنہ |
|---|---|---|---|
| ۴۰۱ | ۲۰۵ | ۱۴۲ | ۱۰۴۸ |
| ۲۰۴ | ۳۹۸ | ۱۰۵۱ | ۱۴۳ |
| ۱۰۵۰ | ۱۴۴ | ۲۰۳ | ۳۹۹ |

عزرائیل

یا اللہ! اپنے خاص فضل وکرم اور اس لوح کی برکت سے فلاں بن فلاں کو کشف اور غیبی الہامات کی نعمت سے نواز دیں! آمین

## "لوحِ کشف" کا خاص وظیفہ

بیس (۲۰) دن تک روزانہ وقت مقررہ پر "یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ" کو سترہ سو چھیانوے (۱۷۹۶) بار پڑھ کر لوح پر دم کریں۔ اول و آخر سترہ بار درود شریف۔ اس وظیفے کے دوران ترکِ حیوانات کرنے والے بہت جلد کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ جو ترکِ حیوانات نہ کر سکیں، وہ ترکِ گوشت ہمہ قسم کے ساتھ اس عمل کو کریں۔

جس وقت لوح کو تیار کریں، وہ پہلا دن ہوگا۔ مزید انیس (۱۹) دن وظیفہ کرنا ہے۔ لوح بنانے کے بعد جس وقت وظیفہ پڑھا جائے گا، اسی وقت کی باقی انیس (۱۹) دن پابندی کرنا ہوگی۔

Whatsapp +92-322-4773786

روحانی دکان میں دستیاب روحانی عرق گلاب برائے دفع جادو، جنات https://bit.ly/3KuFXF5

# دولت مند بننے کا ایک نایاب عمل

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب رحمہ اللہ (دیوبند انڈیا)

## اوجِ شمس کے خاص وقت کا خاص عمل

| سیارگان | ابتداء | خاتمہ |
|---|---|---|
| اوجِ شمس | 10-07-2024<br>23:58 | 12-07-2024<br>01:08 |

دولت مند بننے کے لیے خزینۂ روحانیات کے قارئین کے لیے علم جفر کے ایک پوشیدہ راز سے پردہ اٹھاتے ہیں۔ یہ عمل جو پیش کیا جا رہا ہے، علم جفر کے مخصوص خزانوں کا ایک حصہ ہے۔ اس عمل کو ہزاروں روپے دے کر بھی ماہرین سے حاصل کرنا ممکن نہیں ہے لیکن خزینۂ روحانیات پڑھنے والوں کو ہم ہدیتہً یہ عمل پیش کر رہے ہیں اور تمام اہل حضرات کو اس عمل کی اجازت اس شرط کے ساتھ دیتے ہیں کہ عمل کرنے سے پہلے مذکورہ آیت کو گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھا جائے اور آگے پیچھے ایک سو پچیس (۱۲۵) بار درود شریف بھی ضرور پڑھیں۔ اس کے بعد نقش مرتب کریں۔ یہ عمل اگر شرفِ شمس میں کریں تو بہت بہتر ہے ورنہ اوجِ شمس میں کریں یا پھر عروج ماہ میں اتوار کے دن ساعتِ شمس میں کریں جبکہ چاند عقرب میں نہ ہو۔ سب سے پہلے جن صاحب کے لیے یہ عمل کرنا ہو، ان کا پورا نام اور ان کے والدین کا جزوی نام اٹھائیں، یہ پہلی سطر ہوئی۔ دوسری سطر میں وسعت رزق لکھیں۔ اس کے بعد ان دونوں سطروں کو ملفوظی کرکے ان کی قوت میں اضافہ کریں۔ پھر ان کے اعداد نکالیں اور ان میں آیت کے اعداد شامل کریں۔ اس کے بعد کل اعداد کو ۴ سے تقسیم کرکے نقش کا عنصر معلوم کریں۔

جو مزاج برآمد ہو، اسی چال سے نقش پُر کریں۔

اس کے بعد پہلی دو سطروں کو، جو ملفوظی کرنے سے پہلے کی صورت تھی، انہیں آپس میں امتزاج دیں۔ اور نقش سے باہر ان حروف کو چاروں طرف لکھ دیں۔ آیت کریمہ میں اللہ کے جو نام ہیں، انہیں اندرونی حصے میں چاروں طرف لکھیں۔ ان شاء اللہ ایسی نایاب چیز تیار ہوگی کہ آپ قدردانی پر مجبور ہوں گے۔ اس نقش کی قوتِ تاثیر کو دگنا کرنے کے لیے پہلی اور دوسری سطر کے امتزاج میں سے حروف ظلمان ساقط کرکے مکرر حروف کو گرا دیں۔ پھر باقی حروف کا رتبہ بڑھانے کے لیے ترفع عددی کریں۔ اس کے بعد کل حروف کے اعداد نکال کر اسی چال سے نقش پُر کرلیں، جس چال سے پہلے والا نقش تیار کیا تھا اور اس کو پہلے والے نقش ہی کی پشت پر لکھیں۔ ان شاء اللہ رزق کے لیے ہر طرف سے دروازے کھل جائیں گے۔

مثال اس کی یہ ہے:

پہلی سطر۔ (نام طالب، نام والدین) یٰسین احمد، فاطمہ جمیل

دوسری سطر۔ وسعت رزق

ملفوظی کرنے کے بعد۔

(پہلی سطر) یا۔سین۔یا۔نون۔الف۔حا۔میم۔دال۔فا۔الف۔طا۔میم۔ہا۔جیم۔میم۔یا۔لام......کل اعداد۔۹۰۵

(دوسری سطر) واؤ۔سین۔عین۔تا۔را۔زا۔قاف کل اعداد ۱۰۵۴

آیت کریمہ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔ آیت کریمہ کے کل اعداد ۱۲۸۶۔

کل ٹوٹل ۹۰۵+۱۰۵۴+۱۲۸۶= ۳۲۴۵

اس کو ۴ سے تقسیم کرکے عنصر معلوم کیا۔ باقی ایک بچا۔ معلوم ہوا کہ عمل کا مزاج آتشی ہے۔ اس لیے نقش آتشی چال سے پُر کرنے میں فضیلت ہے۔

Whatsapp +92-322-4773786

روحانی دکان میں دستیاب روحانی پھکی برائے دفع جادو، جنات، امراضِ جسمانی https://bit.ly/3J1WCsR

اب پہلی سطر کو دوسری سطر میں امتزاج دیں۔

امتزاج کا طریقہ یہ ہے کہ ایک حرف پہلی سطر کا اٹھائیں اور ایک دوسری سطر کا۔ اگر کسی سطر کے حروف زائد ہوں تو آخر میں ان کو بالترتیب لکھ دیں۔

پہلی سطر کے حروف: ی۔ا۔س۔ی۔ن۔ا۔ح۔م۔د۔ف۔ا۔ط۔م۔ہ۔ج۔م۔ی۔ل۔

دوسری سطر کے حروف: و۔س۔ع۔ت۔ر۔ز۔ق۔

(امتزاج) ی۔و۔ا۔س۔س۔ع۔ی۔ت۔ن۔ر۔ا۔ز۔ح۔ق۔م۔د۔ف۔ا۔ط۔م۔ہ۔ج۔م۔ی۔ل۔

مذکورہ آیت کریمہ میں اللہ کے ۴ نام ہیں جو نقش کے اندرونی حصے میں لکھے جائیں۔

نقش اس طرح بنے گا۔

ی و اس س ع ی ت ن را ز ح ق م

یا اللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۹۱۳ | ۵۹۱۶ | ۵۹۱۹ | ۵۹۰۵ |
| ۵۹۱۸ | ۵۹۰۶ | ۵۹۱۲ | ۵۹۱۷ |
| ۵۹۰۷ | ۵۹۲۱ | ۵۹۱۴ | ۵۹۱۱ |
| ۵۹۱۵ | ۵۹۱۰ | ۵۹۰۸ | ۵۹۲۰ |

یا لطیف — یا عزیز

یا قوی

نقش کی قوت تاثیر بڑھانے کے لیے پہلی اور دوسری سطر کے امتزاج کو اٹھائیں۔

ی۔و۔ا۔س۔س۔ع۔ی۔ت۔ن۔ر۔ا۔ز۔ح۔ق۔م۔د۔ف۔ا۔ط۔م۔ہ۔ج۔م۔ی۔ل۔

حروف ظلمانی ساقط کرنے کے بعد یہ حروف باقی رہے۔

ی۔و۔ا۔س۔س۔ع۔ی۔ر۔ا۔ح۔م۔ر۔ا۔ط۔م۔ہ۔م۔ی۔ل۔

مکرر حروف گرانے کے بعد مندرجہ ذیل حروف باقی رہے۔

ی۔و۔ا۔س۔ع۔ر۔ح۔م۔ط۔ہ۔ل۔

ان کا ترفع عددی کیا تو مندرجہ ذیل صورت سامنے آئی۔

ق۔س۔ی۔خ۔ذ۔غ۔ف۔ت۔ص۔ن۔ش۔

کل اعداد۔ ۳۳۹۰

حسب قاعدہ نقش بنائیں۔ پہلا نقش آتشی تھا۔ لہٰذا یہ بھی آتشی چال سے بھرا جائے گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۴۷ | ۸۵۰ | ۸۵۳ | ۸۴۰ |
| ۸۵۲ | ۸۴۱ | ۸۴۶ | ۸۵۱ |
| ۸۴۲ | ۸۵۵ | ۸۴۸ | ۸۴۵ |
| ۸۴۹ | ۸۴۴ | ۸۴۳ | ۸۵۴ |

اللھم ارحم علی یٰسین احمد ابن فاطمہ: جمیل

وعزہ وارزقہ وکن لہ نصیراً

اس نقش کو پہلے والے نقش کی پشت پر بنایا جائے اور نقش کے نیچے مکتوبہ عبارت لکھ دی جائے اور نقش کو سنہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے دائیں بازو پر باندھ لیا جائے۔ ان شاء اللہ رزق کی وسعت کے اسباب غیب سے پیدا ہوں گے۔ نقش ہاتھ پر باندھنے سے پہلے اگر مکروہ وقت نہیں ہے تو دو (2) نفلیں پڑھ کر اللہ سے مال و دولت کی دعا کی جائے گی۔

علمِ جفر کے اس مخفی راز کو (عاملین جس کے ذریعہ لاکھوں روپے کماتے ہیں) بطور خاص خزینۂ روحانیات کے قارئین کے لیے پیش کیا جا رہا ہے۔

**نوٹ**: جو لوگ شرفِ شمس میں ہمارے ادارے سے بنوانا چاہیں، وہ 8 جولائی تک رابطہ کرلیں۔ ھدیہ (کاغذ پر) 2100روپے۔

روحانی دکان میں دستیاب روحانی شہد برائے دفع جادو، جنات، امراضِ جسمانی https://bit.ly/3uA0d2F

## روحانی درس گاہ کے طالب علم کیلئے اعمال

دارالعمل چشتیہ کے شعبہ روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے بغیر فیس درج ذیل اعمال کی چلّہ کشی کروائی جاتی ہے۔ ان اعمال کو سیکھ کر عامل خود بھی فائدہ اٹھا سکتا ہے اور آگے مریضوں کو بھی فائدہ دے سکتا ہے۔ یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ اگر آپ کسی عمل کے عامل نہیں ہوں گے اور بطور وظیفہ مریضوں کو بتائیں گے تو فائدہ بہت کم ہوگا۔ یہ اصول ان اعمال کے لیے ہے جو جنات اور جادو کے اثرات کو دور کرنے میں استعمال ہوتے ہیں۔ جو اعمال دیگر حاجتوں کے ہیں، ان میں فائدہ ہو جاتا ہے مثلاً کسی بیماری کے لیے، رزق کے لیے، ترقی کے لیے، پریشانی دور کرنے کے لیے، مختلف حاجات کے لیے وغیرہ۔ یہ سمجھیں کہ جس عمل میں عامل کی روحانی قوت کی ضرورت ہوتی ہے جیسے جادو اور جنات کے علاج میں ہوتی ہے، وہاں عامل کی اجازت سے اس عمل کا وظیفہ پڑھنا بہت فائدہ کرتا ہے۔ یہ اصول یاد رکھیں کہ جس عمل کے عامل ہیں، اگر وہ پڑھنے کو دیں گے تو مریض کے ساتھ عامل کی روحانی قوت بھی کام کرتی ہے۔

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

① ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ② آیت کریمہ کا خاص عمل ③ سورۂ مزمل کا خاص عمل ④ محبت کی عظیم آیت کا عمل ⑤ دشمن کیلئے عظیم دعا کا عمل ⑥ آیت قطب ⑦ روحانی رہنمائی کا خاص عمل ⑧ کینسر سے نجات کا عمل (درجہ دوم)

⑨ لاعلاج امراض سے شفاء کا قرآنی عمل (درجہ دوم)

**نوٹ:** جو حضرات درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہئیں، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔

**ویب سائٹ** پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔


روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0309-7772775
0333-7772775 042-35420586
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com
ruhanidarsgah | ruhanidarsgah97 | ruhanidarsgah


## مفت روحانی خدمات

برائے جولائی 2024

رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال کریں۔ ایک کوپن ایک فرد کے لیے۔ شرائط پر پورا نہ اترنے والوں سے معذرت۔

**حب زوجین:** شوہر سے بیوی تنگ ہو یا بیوی سے شوہر تنگ ہو، زوجین میں حب کے لیے خاص عمل۔

**رشتہ طے ہو:** رشتہ نہ آ رہے ہوں یا رشتہ کہیں طے نہ ہو رہا ہو، لڑکے کا معاملہ ہو یا لڑکی کا، دونوں کے لیے رشتہ ہونے کا خاص عمل۔

**زبان بندی کے لئے:** اگر کوئی شخص آپ کے خلاف بولتا ہے اور اس کو پانی پلانا ممکن ہے تو یہ روحانی علاج منگوائیں۔ ان شاء اللہ، وہ شخص آپ کے خلاف بولنا بند کر دے گا۔

**سایہ جنات سے نجات:** سایہ جنات کا اثر ہو لیکن جن جسم میں حاضر نہ ہوتا ہو تو دو ہفتہ کے اس علاج سے ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

**نظر حسد سے حفاظت و علاج:** ہر طرح کی نظر بد انسانی، جناتی و شیطانی اور حسد کے بُرے اثرات کو ختم کرنے اور ان سے محفوظ رہنے کیلئے بہت ہی مجرب تعویذ اور وظیفہ حاصل کریں۔

**حفاظت مکان:** جس گھر میں پتھر آتے ہوں، آگ لگتی ہو یا خون آتا ہو یا کپڑے کٹتے ہوں تو خاص تعویذ حاصل کریں۔

**فراخی کاروبار:** دکان یا کاروبار میں ترقی اور فراخی کے لئے جگہ پر لگانے اور پہننے کے خاص تعویذات حاصل کریں۔

**ہر بیماری سے شفاء کے لئے:** بڑی بیماری ہو یا چھوٹی بیماری، لاعلاج بیماری ہو یا پرانی بیماری، ہر طرح کی بیماری سے نجات اور شفاء حاصل کرنے کے لیے خاص روحانی علاج۔

**پریشانیوں، مصیبتوں، حادثات سے حفاظت:** آج کے اس پُرفتن دور میں، جہاں مختلف فتنے چاروں طرف سے ہمیں گھیرے ہوئے ہیں، یہ خاص دعاؤں کا مجموعہ ہر طرح کی پریشانیوں، مصیبتوں، آفات و حادثات سے حفاظت کے لیے بہت ہی مجرب اور مفید تعویذ اور وظیفہ۔


روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0342-7772772
0324-7772772 042-35420586
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com
ruhaniilajgah | ruhaniilajgah96 | ruhaniilajgah


روحانی دکان میں دستیاب روحانی تیل برائے دفع جادو، جنات، درد، مرگی، جنون اور حصولِ سکون و تقویت دماغ https://bit.ly/3750zFe

# دفع سحر کا خاص روحانی علاج

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

ایسا جادو جس سے مریض بہت بیمار ہو گیا ہو، خون میں بہت زیادہ جادو شامل ہو گیا ہو اور ادویات سے بھی معاملہ سنبھل نہ رہا ہو، کوئی فائدہ نہ ہو رہا ہو یا فائدہ نہ ہونے کے برابر ہو تو اس علاج سے چند ہی دنوں میں مریض شفاء کی طرف گامزن ہوگا۔ اس کے جسم سے، خاص کر خون سے جادو ختم ہوگا۔ ادویات کام کرنا شروع کر دیں گی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

یہ سب ایک کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے لکھیں اور رات کو بھگو دیں۔ صبح نہار منہ پانی پلائیں۔ اور دن بھر یہی پانی پلائیں۔ جو دوا دینی ہو، اسی پانی سے دیں۔ سات (7) تعویذ لکھیں۔

(۱) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ: ۱۲۸-۱۲۹)

(۲) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (بنی اسرائیل: ۸۲)

(۳) لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ (الحشر: ۲۱-۲۴)

(۴) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

(۵) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

(۶) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

(۷) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُحْيِيْ وَاَنْتَ الْمُمِيْتُ وَاَنْتَ الْبَارِئُ وَاَنْتَ الْمُبْلِيْ وَاَنْتَ الشَّافِيْ خَلَقْتَنَا مِنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ جَعَلْتَنَا فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى وَصِفَاتِكَ الْعُلْيَا يَا مَنْ بِيَدِهِ الْاِبْتِلَاءُ وَالْمُعَافَاتُ وَالشِّفَآءُ وَالدَّوَاءُ اَسْئَلُكَ بِمُعْجِزَاتِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَّبَرَكَاتِ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ وَحُرْمَةِ كَلِيْمِكَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اشْفِهٖ۔

## خاص دم

پورا عمل شروع تا آخر ایک بار پڑھیں اور اس طرح گیارہ (11)، اکیس (21) یا اکتالیس (41) بار پڑھ کر صبح و قبل مغرب دم کریں۔ یا پھر صبح اٹھنے کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔

کس تعداد میں دم کرنا ہے، یہ مریض کی کیفیت دیکھ کر معالج کا اپنا فیصلہ ہوگا۔

قریب سے بھی دم کیا جا سکتا ہے اور دور سے بھی۔ جو جس طرح کا دم کر سکتا ہو، پڑھ کر دم کرے۔ پڑھتے وقت اور دم سے قبل اپنا حصار لازمی کریں۔

اول و آخر گیارہ (11) بار درود تنجینا، اور بدنی حصار لازمی۔ اس علاج کے دوران روزانہ صدقہ کا اہتمام کریں۔ گوشت کی ضرورت نہیں۔ کچھ بھی جو شرعی صدقہ کہلاتا ہے مگر روزانہ کریں۔

# کیا جنات کے عامل بننے سے بچے مرجاتے ہیں؟

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

**سوال** میرے ایک استاذ ہیں جو لاہور کے ایک بہت نامور اور بڑے مدرسہ میں استاذ ہیں۔ انہوں نے ایک دن مجھے منع کیا کہ جنات کے علاج معالجہ میں نہ پڑوں۔ اس سے بہت نقصان ہوتا ہے۔ جنات کے عامل کے بچے زندہ نہیں رہتے۔ میں تھوڑی تشویش میں مبتلا ہو گیا ہوں۔ راہنمائی فرمائیں۔ (م، لاہور)

**جواب** اس بارے میں مشہور تو یہی ہے کہ جنات کے عامل کے بچے مرجاتے ہیں۔ عوام تو یہ کہتی ہی ہے، خواص یعنی بڑے علمائے کرام بھی یہ کہتے سنے گئے ہیں۔ اس بارے ذیل میں چند باتیں ذکر کر رہا ہوں۔ سب کو اچھی طرح سمجھیں گے تو اصل بات سمجھ میں آجائے گی۔

۱...... عملیات ایک فن ہے۔ فن تجربہ کا محتاج ہے۔ چونکہ عملیات ایک فن ہے، اس میں صرف اسی شخص کی رائے کا اعتبار ہے جو اس فن کا ماہر ہو۔ جو ماہر نہیں، وہ جتنا مرضی بڑا عالم ہو، مفتی ہو، بزرگ ہو، پروفیسر ہو یا کوئی بھی ہو...... اس کی رائے کا کوئی اعتبار نہیں۔

۲...... ''جنات کا عامل'' ...... اس کو بھی سمجھنا ضروری ہے۔ عموماً جو عامل جنات کے متاثر مریضوں کا علاج کرتا ہے، مریضوں کے جسم کے اندر موجود حاضر جنات کو مریض کے جسم سے نکالتا ہے، اس کو جنات کا عامل کہا جاتا ہے۔

۳...... الحمد للہ! میری عملیاتی زندگی کا تجربہ پچیس سال سے زائد ہے۔ میرے کئی اساتذہ جنات کے عامل تھے، میں نے بہت عرصہ جنات کا علاج کیا، میرے کئی شاگرد جنات کے عامل ہیں۔

میرے تمام اساتذہ میں کوئی بھی ایسا نہیں جو جنات کے مریضوں کا علاج کرتا ہو اور اس کی بچے فوت ہو گئے ہوں۔ مرنا تو سب نے ہی ہے۔ موت سب کو آنی ہے۔ اور بچوں کی وفات بھی ہوئی ہے مگر جو عرف یعنی مشہور ہے کہ جنات کے عامل مرجاتے ہیں، اس سے مراد یہ ہے کہ ان کی اولاد جلد ہی مرجاتی ہے اور ان کی کوئی بھی اولاد زندہ نہیں رہتی۔ یہ نہیں کہ تین بچے ہوئے، ایک فوت ہو گیا۔ دو بڑے ہو گئے۔

اسی طرح میرے کسی شاگرد کا معاملہ بھی میرے سامنے نہیں آیا جو جنات کا عامل ہو اور اس کا جو بچہ پیدا ہو، وہ جلد مرجاتا ہو۔

آپ خود جنات کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ آپ کے بھی تو بچے ہیں، اس سے بڑا کیا ثبوت ہے کہ یہ بات غلط ہے۔

آپ کے سوال میں کہنے والے ایک بہت بڑے عالم ہیں مگر اس فن کے ماہر نہیں، ناواقف ہیں۔ اس لیے کوئی پریشانی کی ضرورت نہیں، ایسا کچھ نہیں ہوتا۔

۴...... رہی یہ بات کہ ایسا مشہور کیوں ہے؟ کیا اس کی کچھ حقیقت بھی ہے یا نہیں؟ تو جواب یہ ہے کہ بالکل حقیقت ہے۔ جو لوگ جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرتے وقت ان کو جلاتے ہیں، جان سے مار ڈالتے ہیں، ان کے ساتھ یہ معاملہ ہو سکتا ہے لیکن لازمی نہیں کہ ان کے بچوں کو مار دیا جائے۔ البتہ بیماری اور مصائب و مشکلات ضرور ان کی زندگیوں میں آجاتی ہیں۔

اسی طرح جو لوگ جنات کی تسخیر یعنی ان کو غلام بنانے کے اعمال کرتے ہیں۔ اور کامیاب بھی ہو جاتے اور پھر کسی طرح ایسے کام لیتے ہیں جو جنات کو سخت ناگوار ہوں یا وہ اس عامل کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا رہتے ہیں، ان سے بھی جنات کئی بار بدلہ لیتے ہیں اور ان کی اولاد کو مار دیتے ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ فن میں جو بات کثرت سے ہو، وہ اصول بن جاتی ہے۔ اور یہ بات کہ جنات کے عامل کے بچے مرجاتے ہیں، ہرگز کثرت میں نہیں آتی۔ چند عاملین کے ساتھ یہ معاملہ ہوا ہو تو ہو، اکثریت سے ہاں یہ نہیں ہوتا۔ اور کبھی کبھار کے واقعات کو اپنی رائے بنا لینا، ہرگز پڑھے لکھوں کا شیوا نہیں۔ البتہ نصیحت کے انداز میں کہا جائے تو اور بات ہے۔

روحانی دکان میں دستیاب خاص الواح کی تفصیل https://bit.ly/3re1ytU

# بیماریوں کے روحانی علاج

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

## گردہ کا علاج

اگر گردہ کی تکلیف شدید ہو یا گردہ میں پتھری ہو تو یہ نقش گردہ کے مقام پر باندھے اور دھو کر پلائے۔ گردہ کی پتھری توڑنے کے لیے ساتھ دیسی نسخہ استعمال کرائے۔ بحکم اللہ عزّ وجل شفاء ہوگی۔

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

## بیمار تندرست ہو

جو شخص ختم پڑھے، پہلے غسل کرے، سفید کپڑے پہنے، قبلہ رُو ہو کر اوّل تین (3) دفعہ یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ نَبِيًّا فِي الْاَنْبِيَا وَسَلَّمْ

پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تین ہزار (3000) دفعہ کی شمار دانے یا تسبیح پر پڑھے۔ ختم کے بعد پھر تین (3) دفعہ یہی درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کرے۔ پھر اٹھ کر مریض پر دم کرے۔ وہ دوا یا پانی مریض کو پلایا جائے۔ تین (3) روز یا پانچ (5) روز۔ انتہاء سات (7) روز۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بیمار تندرست ہوگا۔

## خفقان کا علاج

جو شخص سورۂ فاتحہ کو لکھ کر مینہ کے پانی سے دھوئے اور مریض کے منہ اور ہاتھوں پر ملے۔ اور اس پانی کو تین (3) مرتبہ پیوے، خفقان اس کا جاتا رہے۔

# عورتوں کے حمل ساقط ہونے کی ایک اہم وجہ

ابوالحسنات قاسمی مدظلہٗ (انڈیا)

عورتوں پر اسقاط جنین کا جادو کر دیتے ہیں جس سے ان کا حمل (خام ناقص) ساقط ہو جاتا ہے۔ اگر بفرض محال دوا، علاج سے پیدائش ہو بھی جائے تو نومولود چند ایام یا چند ماہ میں موت کا شکار ہو جاتا ہے۔ سحر کی ترکیب یہ ہوتی ہے کہ جنات زمین پر ایک نشان (نقش) بنا دیتے ہیں، جو عورت سب سے پہلے نقش پر سے گزرتی ہے، اس کے ساتھ مذکورہ سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ سحر کا اثر کوکھ یا شکم یا سُرین پر ہوتا ہے۔

* ......سورۂ فاتحہ — سات (7) بار
* ......سورۂ واقعہ — ایک (1) بار
* ......آیات بطلان سحر: فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾ (یونس: ۸۱-۸۲) — ستر (70) بار
* ......اسمائے حسنیٰ — ایک (1) بار

پڑھ کر پانی پر دم کر دیں۔ سحر زدہ صبح سے شام تک چند بار اس پانی کو پیے، اس کے سر پر بھی دم کر دیا کریں۔

یہ عمل چالیس (40) روز انجام دیں۔ عمل کے دوران ہر جمعہ و اتوار کو عورت غسل کے بعد دم کردہ پانی میں سے تھوڑا سا آخر میں سر پر ڈال لے۔

اور "۴۹۷۳۲" سے ایک مربع نقش پُر کریں، نویں خانہ میں کسر ہوگا۔ یہ نقش گلے میں پہنائیں۔ نیز اسم باری تعالیٰ "المبدئ" کا مربع نقش لکھ کر کمر میں باندھیں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے عورت صاحبِ ذرّیت صالحہ ہوگی۔

Darul Chishtia, Lahore Pakistan
ماہنامہ خزینہ روحانیات
Whatsapp +92-322-4773786
magazines

# مختلف تعویذات کی زکات

ملازم حسین مرحوم (اسلام آباد)

## نقش بسم اللہ برائے ہر مقصد

**زکوٰۃ کی خاص ترکیب:**

عروج ماہ نوچندی جمعرات کو ایک ہزار پانچ سو چودہ (1514) نقش لکھیں اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا ندی میں ڈال دیں۔ نقش کی زکوٰۃ ایک نشست میں بھی دے سکتے ہیں یا جتنے دنوں میں چاہیں لکھ سکتے ہیں۔ بعد از زکوٰۃ ہر مقصد کے لئے لکھ کر دے سکتے ہیں۔ مجرب المجرب ہے۔ نقش مکرم یہ ہے:

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶۱ | ۲۶۶ | ۲۵۹ |
| ۲۶۰ | ۲۶۲ | ۲۶۴ |
| ۲۶۵ | ۲۵۸ | ۲۶۳ |

الٰہی بحرمت کھیعص حمعسق

## نقش پندریہ

**زکوٰۃ کی خاص ترکیب:**

عروج ماہ نوچندی جمعرات کو دو ہزار ایک سو چودہ (2114) نقش لکھیں اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا ندی میں ڈال دیں۔ یہ طریقہ نایاب ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

## برائے حب

نوچندی جمعرات سے ستاسی (87) نقش روزانہ گیارہ (11) یوم تک لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر دریا یا ندی میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ حب کیلئے نہایت ہی مجرب نقش ہے۔ نقش مکرم یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

قول

| | | |
|---|---|---|
| ۳۰ | ۲۵ | ۳۲ |
| ۳۱ | ۲۹ | ۲۷ |
| ۲۶ | ۳۳ | ۲۸ |

عزرائیل حمعسق — اسرافیل کھیعص

## برائے حب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

یاجبرائیل یاودود یاودود یاودود یاودود یامیکائیل

یاودود یاودود یاودود یاودود

یاودود یاودود یاودود یاودود

یااسرافیل یاودود یاودود یاودود یاودود یاعزرائیل

(فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں)

**ترکیب:**

نوچندی جمعرات کو ایک وقت مقرر کر کے روزانہ ۴۱ عدد نقش، ۴۱ دن تک لکھیں۔ اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا ندی نالے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد آپ اس نقش کے عامل ہیں۔ بعد از زکوٰۃ بطور مداومت تین (3) عدد نقش روزانہ لکھنے ہوں گے۔ جب یہ اکٹھے ہو جائیں تو ان کو بھی دریا میں ڈال دیا کریں۔

Whatsapp +92-322-4773786

# بزرگانِ دین کے چھپے ہوئے مجرب تعویذات

## امام ربانی شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نور اللہ مرقدہٗ

(1) بھاگے ہوئے ملازم کی واپسی (2) بچوں کی کیڑوں، شیطان اور نظر بد سے حفاظت (3) برائے دردِ زہ کیلئے (بچہ جلد جننے کے لیے)

## شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نور اللہ مرقدہٗ

(1) عداوت اور جدائی کے لیے (2) بچوں کی کیڑوں، شیطان اور نظر بد سے حفاظت (3) ہر حاجت کے لیے سورۂ اخلاص کا نقش (4) نظر بد اور حفاظت کے لیے آیت الکرسی کا نقش (5) آسیب زدہ کی شفاء کے لیے معوذتین کا نقش

## شاہ رفیع الدین نور اللہ مرقدہٗ

(1) آسانی ولادت کیلئے (2) برائے فتح مقدمہ (3) ضدی اور رونے والے بچے کے لیے

## حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہٗ

(1) نظر بد کیلئے (2) ہول دل/ اختلاج قلب سے شفاء کیلئے (3) تمام بلاؤں سے حفاظت کیلئے

## حضرت مولانا یعقوب نانوتوی نور اللہ مرقدہٗ

(1) نقش برائے آسیب زدہ (2) دفع آسیب کے لیے سورۂ مزمل کا نقش (3) جلنے اور ڈوبنے سے محفوظ

## حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی نور اللہ مرقدہٗ

(1) زیادہ رونے والے بچہ کے لیے (2) ہر مرض سے شفا (3) دفع آسیب

## حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہٗ

(1) دفع جنات از مکان (2) اختلاج قلب (3) شدید بخار کو ختم کرنے کیلئے (4) ناف ٹلنے سے حفاظت (5) مرگی کا علاج (6) تجارت میں نفع و ترقی، مال جلد فروخت ہو (7) بچوں کی جن کے اثرات سے حفاظت

## ولی کامل حضرت مولانا سید اصغر حسین نور اللہ مرقدہٗ

(1) دفع آسیب (2) رزق و تنخواہ زیادہ ہو (3) اسقاطِ حمل سے حفاظت (4) جملہ آفات سے حفاظت کا سورۂ اخلاص کا نقش (5) ہر بیماری سے نجات کیلئے (6) دفع آسیب

## حضرت مولانا انور شاہ کشمیری نور اللہ مرقدہٗ

(1) میاں بیوی کی محبت کے لیے (2) بند شہوت کو کھولنے کیلئے (3) گلے کی تمام بیماریوں کیلئے (4) دردِ دل کیلئے (5) دل زور سے دھڑکتا ہو (6) دردِ جگر سے نجات کے لیے

## حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن نور اللہ مرقدہٗ

(1) دفع دردِ (2) ہر بیماری سے نجات

## حضرت مولانا یٰسین نور اللہ مرقدہٗ

(1) وسعت رزق کیلئے وظیفہ و تعویذ

Whatsapp
+92-322-4773786

روحانی دکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0334-4312272 0320-4312272 042-35410586
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
www.ruhanishop.com ruhanishop@gmail.com

روحانی دکان میں دستیاب نگینوں کی وسیع ورائٹی کی تفصیل https://bit.ly/3JXhpnU

# مجرب طلسمات

یاسین قادری (کراچی)

## ظالم دشمن کو ہر طرح کا نقصان پہنچانے کا نقش

بسم اللہ نکال الظالمین

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۶۱۸ | من کان | ۸۰۳ | عدو اللہ | ۴۳۷ |
| وملئکتہ | ۵۰۳ | متین | ۳۵۸ | ورسلہ |
| ۲۷۱ | ۴۹۸ | مقصد | ۸۰۹ | ۵۶۶ |
| وجبریل ومیکال | ۹۲۲ | ۳۰۸ | ۳۸۱ | فان اللہ |
| ۴۴۷ | عدو | ۵۵۴ | للکفرین | ۶۶۳ |

**ترکیب:** اس کو پیلے کاغذ پر آخری عربی ماہ کے منگل یا ہفتے کو نحس ساعت میں کالی سیاہی سے لکھیں اور درمیانی خانے میں اپنا مقصد لکھیں اور نمک کی دھونی دے کر صاف شفاف شیشے کی بوتل میں ڈال کر بوتل کو تپش کے قریب رکھیں۔ اس کی چال سب سے چھوٹے عدد سے شروع کر کے سب سے بڑے عدد پر ختم کرنا اور پھر درمیان میں اپنا مقصد۔

ایک بات ذہن نشین کر لیں کہ کسی پر ناحق استعمال کرنے کی قطعاً اجازت نہیں میری طرف سے۔ جو کرے، وہ اپنے کیے کا خود ذمے دار ہوگا، میں اس کے اس فعل سے بری الذمہ ہوں۔

## شوگر کے علاج کا طلسم




**ترکیب:** اس طلسم کو کسی بھی وقت، دن اور ساعت میں زعفرانی سیاہی سے لکھیں اور چودہ (14) دن تک، دن میں تین (3) بار ہر کھانے سے ایک (1) گھنٹہ پہلے یا بعد پئیں۔ اس کے بعد ٹیسٹ کرا کے شوگر چیک کر لیں۔ بہتر یہ ہے کہ طلسمی علاج شروع کرنے سے پہلے اور بعد میں ٹیسٹ کرائے جائیں تاکہ افادیت کا صحیح اندازہ لگایا جاسکے۔

## دشمنوں اور ظالموں سے حفاظت کے لیے




اگر کسی کے ساتھ آپ کی دشمنی ہو یا کوئی ظالم شخص آپ کو نقصان پہنچانا چاہتا ہو کسی بھی طریقے سے تو اس کے لیے اس نقش کو کسی بھی دن ساعت یا وقت لکھ کر اس کے گرد اپنا مقصد لکھیں حروف کی شکل میں اور یہ آیت اِنَّمَآ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَيۡـئًا اَنۡ يَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ﴿۸۲﴾ (یس: ۸۲) پچپن (55) بار پڑھ کر اپنا مقصد جو اس کے گرد لکھا، کہیں اور اگر بتی کی دھونی دیں اور پاکیزگی کے ساتھ نقش کو اپنے پاس رکھیں۔

**روحانی گوگل برائے دھونی**
**جادو۔ آسیب۔ جنات۔ شیاطین۔ نظر بد کا خاتمہ**
